CAREERINDIA

پہاں سے کاٹیے

Question Paper Serial No. 61

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

سوالنامہ کھولنے کے لئے یہاں سے کاٹیے

Tear here

**B**

**CCE RR**
**UNREVISED**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 12 ]
Total No. of Printed Pages : 12 ]
ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 40 ]
Total No. of Questions : 40 ]

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 81-U**

**Code No. : 81-U**

# ವಿಷಯ : ಗಣಿತ

# Subject : MATHEMATICS

**( ಉರ್ದು ಭಾಷಾಂತರ / Urdu Version)**

**( ಹಳೆ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ / Old Syllabus )**

**( ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Regular Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 07. 04. 2020 ] [ Date : 07. 04. 2020
ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-45 ರವರೆಗೆ] [ Time : 9-30 A.M. to 12-45 P.M.
ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80 ] [ Max. Marks : 80

www.careerindia.com

**عام ہدایات :**

1. سوالنامہ معروضی (Objective) اور موضوعی (Subjective) قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 40 سوالات ہیں۔
2. اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشیے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

CAREERINDIA



I. مندرجہ ذیل سوالات / نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادلات دیے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک صحیح یا مناسب ترین ہے۔ صحیح متبادل کا انتخاب کریں اور حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب لکھئے۔ $8 \times 1 = 8$

1. اگر $A$ اور $B$ عالمگیر سیٹ کے ذیلی سیٹ ہوں تو درج ذیل میں کونسی مساوات ڈی مورگن کا کلیہ ہے ؟

(A) $(A \cup B)' = A' \cap B'$

(B) $(A \cup B)' = A' \cup B'$

(C) $(A \cap B)' = A' \cup B'$

(D) $(A \cap B)' = A \cup B$

2. $a$ اور $b$ دو اعداد کا ہندسوی اوسط ( $G$ ) معلوم کرنے کا ضابطہ کونسا ہے ؟

(A) $G = \frac{a+b}{2}$

(B) $G = \sqrt{ab}$

(C) $G = \frac{a-b}{2}$

(D) $G = ab$

3. 8 اور 12 کا ذواضعاف (LCM) 24 ہے۔ HCF معلوم کیجئے۔

(A) 4

(B) 24

(C) 8

(D) 12

4. اگر $P(x) = x^2 - 4$ ہو تو $P(2)$ ہوتا ہے

(A) 8

(B) 4

(C) 0

(D) 2



www.careerindia.com

CAREERINDIA



5. مساوات $ax^2 + bx + c = 0$ کا ممیّز (Discriminant) ہے


(A) $b^2 + 4ac$

(B) $b^2 - 4ac$

(C) $\sqrt{b^2 - 4ac}$

(D) $\sqrt{b^2 + 4ac}$

6. دی گئی شکل میں $AB$ خطِ مماس اور $P$ نقطہ تماس ہے۔ $\angle OPA$ کی قیمت معلوم کیجیے




(A) 60°

(B) 0°

(C) 180°

(D) 90°

7. $\sin 30°$ کی قیمت کیا ہوتی ہے ؟

(A) 1

(B) $\sqrt{3}$

(C) $\frac{1}{2}$

(D) $\sqrt{2}$

8. درج ذیل میں سے کونسی پیمائیشات قائمۃ الزاویہ مثلث بناتے ہیں ؟

(A) 6, 8, 9

(B) 3, 4, 6

(C) 7, 8, 9

(D) 6, 8, 10



www.careerindia.com

CAREERINDIA



.II درج ذیل کے جوابات لکھئے : $6 \times 1 = 6$

.9 تواتر $T_n = 2n - 5$ کا 10واں رُکن دریافت کیجیے

.10 $^nP_0 + {^nC_0}$ کی قیمت معلوم کیجیے۔

.11 ناممکن وقوعہ (Impossible event) کا اِمکان لکھئے۔

.12 اسکورس (Scores) کی تغیر پذیری کا عددی سر (C.V.) معلوم کرنے کا ضابطہ لکھئے۔

.13 کثیر رُکنی $p(x) = 4x^3 + 5x^2 - 6x + 8$ کا درجہ کیا ہے ؟ لکھئے۔

.14 دودرجی مساوات $x^2 - 6x + 5 = 0$ کے جذروں کا حاصل جمع معلوم کیجیے۔

.III درج ذیل کے جوابات لکھئے :

.15 ایک جماعت میں ہر طالب علم کوسائنس یا ریاضی یا دونوں مضامین کا انتخاب کرتا ہے۔اگر 50 طلبہ ریاضی، 42 طلبہ سائنس اور 24 طلبہ دونوں مضامین کا انتخاب کرتے ہیں تو جماعت میں طلبہ کی تعداد معلوم کیجیے۔ 2

.16 تصاعد $\frac{1}{2}, \frac{1}{4}, \frac{1}{6}, \ldots$ کا 20واں رُکن دریافت کیجیے۔ 2



www.careerindia.com

17. ثابت کیجئے کہ $\sqrt{3} + 2$ ایک غیر معقول عدد ہے۔ 2

18. ایک معشر (Decagon) (دس ضلعوں والے کثیر الاضلاع) میں زیادہ سے زیادہ کتنے وتر کھینچے جا سکتے ہیں۔ 2

19. اگر $(n+3)! = 20(n+1)!$ ہو تو $n$ کی قیمت معلوم کیجئے۔ 2

20. ایک پانسہ کے رُخوں پر 1 سے 6 اعداد درج ہیں۔ پانسہ کو ایک مرتبہ لُڑھکایا گیا۔ اِمکان معلوم کیجئے کہ 2

(a) جفت عدد ظاہر ہو

(b) کامل مربع ظاہر ہو

21. $\sqrt[4]{3}$ اور $\sqrt[3]{2}$ کا حاصل ضرب معلوم کیجئے۔ 2

22. مختصر کیجئے : 2

$$3\sqrt{\frac{1}{2}} + \frac{1}{3}\sqrt{18}$$



www.careerindia.com

CAREERINDIA



23. ترکیبی تقسیم کے طریقہ سے خارجِ قسمت اور باقی معلوم کیجئے : 2

$3x^3 - 2x^2 + 7x - 5 \div (x - 3)$


یا

کثیر رُکنی $p(x) = x^2 - 2x - 15$ کے صفر معلوم کیجئے۔

24. 4 cm نصف قطر کے کا دائرہ کو اُس کے مرکز سے 8 cm دور نقطہ سے خطوط مماس ساخت کیجئے۔ 2

25. ہموار میدان میں ایک مینار عموداً کھڑا ہے۔ مینار کے قدام سے 50 میٹر دور میدان کے کسی نقطہ سے مینار کا صعودی زاویہ 30° ہے۔ مینار کی اونچائی معلوم کیجئے۔ 2

26. $XYZ$ ◺ میں $XY$ پر ایک نقطہ $P$ ہے اور $PQ \perp XZ$ ۔ اگر $XP = 4$ cm ، $XY = 16$ cm اور $XZ = 24$ cm ہو تو $XQ$ کی لمبائی معلوم کیجئے : 2




یا




www.careerindia.com

CAREERINDIA



منحرف $ABCD$ میں $AB || CD$ اور $AB = 3CD$ ہے۔ $\Delta AOB$ اور $\Delta COD$ کے رقبوں کی نسبت دریافت کیجیے




27. نقاط ( 2, 3 ) اور ( 4, 7 ) کو جوڑنے والے خطی قطعہ (Line segment) کے وسطی نقطہ کے محددین معلوم کیجیے۔ 2

28. نقاط $P$ ( 2, –3 ) اور $Q$ ( 10, $y$ ) کے درمیان فاصلہ 10 اِکائیاں ہے۔ $y$ کی قیمت معلوم کیجیے۔ 2

29. قائم مدور استوانہ کی کُل سطح کا رقبہ معلوم کیجیے جس کی بلندی اور قاعدہ کا نصف قطر بالترتیب 20 cm اور 7 cm ہیں۔ 2

30. ذیل میں دیئے گئے معلومات سے نقشہ (Plan) بنایئے : 2

[ پیمانہ : 20 m = 1 cm لیجیے ]

| | | |
|---|---|---|
| | D کو ( میٹر میں ) | |
| 100 E تک | 160<br>100<br>60<br>40 | 80 C تک<br>60 B تک |
| | A سے | |

www.careerindia.com

CAREERINDIA



IV. درج ذیل سوالات کے جوابات لکھئے :

31. درج ذیل تعددی تقسیم سے معیاری انحراف معلوم کیجئے : 3

| C.I | f |
|---|---|
| 1 – 5 | 4 |
| 6 – 10 | 3 |
| 11 – 15 | 2 |
| 16 – 20 | 1 |
| | $n = 10$ |

32. ثابت کیجئے کہ دو دائرے ایک دوسرے کو بیرونی طور پر مس کرتے ہیں تو اُن کے مراکز اور نقطۂ تماس ہم خط ہوتے ہیں۔ 3

33. ضابطہ کے استعمال سے مساوات $x(x+1) = 6x + 24$ حل کیجئے۔ 3

یا

اگر $m$ اور $n$ مساوات $x^2 - 7x + 12 = 0$ کے جذر ہوں تو درج ذیل کی قیمت معلوم کیجئے:

a) $(m+n)\,mn$ b) $\frac{1}{m} + \frac{1}{n}$



www.careerindia.com


CAREERINDIA



34. مساوی الاضلاع مثلث $ABC$ میں $BC$ پر ایک نقطہ $D$ ہے۔ اگر $BD = \frac{1}{3} BC$ ہو تو ثابت کیجیے
$9AD^2 = 7AB^2$ 3

یا

$ABC$ △ میں $\angle ABC = 90°$ اور $BD \perp AC$ ہے۔ اگر $AB = c$ اِکائیاں، $BC = a$ اِکائیاں، $BD = p$ اِکائیاں اور $CA = b$ اِکائیاں ہو تو ثابت کیجیے $\frac{1}{a^2} + \frac{1}{c^2} = \frac{1}{p^2}$




35. ثابت کیجیے $\sqrt{\frac{1 + \cos A}{1 - \cos A}} = \text{cosec } A + \cot A$ 3

یا


ثابت کیجیے : $\frac{\cos A}{1 + \sin A} + \frac{1 + \sin A}{\cos A} = 2 \sec A.$

36. ایک ( hollow ) خالی دھاتی نصف کرہ (پیالہ bowl) کا اندرونی اور بیرونی نصف قطر بالترتیب 6 cm اور 10 cm ہے۔ اس کو پگھلا کر ایک ٹھوس مخروط میں ڈھالا گیا۔ جس کے قاعدہ کا قطر 14 cm ہے۔ بننے والے مخروط کی بلندی معلوم کیجیے۔ 3

یا

www.careerindia.com

لکڑی کا کھلونہ اس طرح بنایا گیا ہے کہ استوانہ کے ایک کنارے پر مخروط اور دوسرے کنارے پر نصف کرُہ ہے۔ ہر ایک کا نصف قطر 1.5 cm ہے۔ کھلونہ کی کُل لمبائی 7 cm اور مخروط کی اونچائی 2 cm ہے۔ کھلونہ کا حجم معلوم کیجئے۔




V. درج ذیل سوالات حل کیجئے :

37. حسابی تصاعد کے چوتھے اور 8 ویں ارکان کا مجموعہ 24 اور چھٹے اور 10 ویں ارکان کا مجموعہ 44 ہے۔ حسابی تصاعد کے ابتدائی تین ارکان معلوم کیجئے۔ 4

یا

ہندسوی تصاعد کا چوتھا رُکن 24 اور آٹھواں رُکن 384 ہے۔ ابتدائی 10 ارکان کا مجموعہ معلوم کیجئے۔



www.careerindia.com

CAREERINDIA



38. 4 cm اور 2 cm نصف قطر کے دو دائروں کو راست مشترکہ خطوطِ مماس ساخت کیجئے جن کے مراکز 9 cm دوری پر ہوں۔ 4

39. ثابت کیجئے : ''مثلث کے ایک ضلع کے متوازی کھینچا گیا خط باقی دو ضلعوں کو متناسباً تقسیم کرتا ہے۔'' 4

40. ترسیم کے ذریعہ حل کیجئے $x^2 - x - 6 = 0$ 4

www.careerindia.com

CAREERINDIA



www.careerindia.com